# اسائمنٹ نمبر:۳

(اردو۱۰۱)

**کل نمبر:۲۰**

**ہدایات:**

۱۔واجب تاریخ کے بعد ای۔ میل ے ذریعے بھیجی گئی اسائمنٹ قابل ناقبول ہو گی۔

۲۔ نقل نویسی قابل قبول نہ ہو گی اور کسی کے کیے ہوئے کام کو استعمال کرنے کے لیے اس کا حواشی یا حوالہ دینا لازی ہو گا۔

۳۔انٹر نیٹ یا تدریسی مواد سے لیے گئے نکات کو اپنے الفاظ میں بیان کرنا بہتر ہو گا۔

۴۔دی گئی اسائمنٹ کو حل کرنے کے لیے طلبہ ان پیج' مائیکروسوئٹ ورڈ یا رومن اردو کا استعمال کر سکتے ہیں۔

**نوٹ:حصہ اول میں سے کوئی سا ایک سوال حل کریں اور حصہ دوم کے دونوں سوال حل کرنا لازمی ہیں**

**جوابات ۲۰۰ الفاظ سے بڑھنے نہ پائیں۔**

## حصہ اول: ۱۰ نمبر

سوال نمبر:۱۔ اگر آپ جماعت ششم کو شبلی نعمانی کی سوانح عمری "سوانح مولانا روم" کی چنیدہ چنیدہ خصوصیات کے متعلق معلومات فراہم کریں اور طلبہ کو مولانا حالی کی سوانح عمری "حیات جاوید" کی خصوصیات بیان کرنے کو کہیں تو طلبہ پر کن نکات کی واضح کریں گے جس سے وہ حالی کی سوانح عمری کی خصوصیات احسن طریق سے تلاش کر سکیں۔

سوال نمبر:۲۔ اردو کے استاد امجد صاحب نے جماعت کے دو گروہ 'الف' اور 'ب' بنا کر گروہ الف کو ڈپٹی نذیر احمد کے ناول "مراۃ العروس" پڑھنے کو کہا اور گروہ ب کو پریم چند کے منتخب افسانے پڑھنے کو کہا۔ اب امجد صاحب نے جس گروہ نے ناول پڑھا اس کو افسانہ اور جس گروہ نے افسانہ پڑھا اسے ناول کے

متعلق بتانا چاہتے ہیں۔ وہ طلبہ سے کون کون سی ایسی سرگرمیاں کروہ سکتے ہیں کہ جس کی بدولت گروہ ایف کا علم گروہ ب تک اور گروہ ب کا علم افسانے کے متعلق ایف تک پہنچ جائے۔

## حصہ دوم: ۱۰نمبر

سوال نمبر:۳۔ اگر آپ جماعت چہارم کو امتیاز علی تاج کے ڈراما "نئے سال کے تحفے" کے مرکزی خیال کے متعلق بتانا چاہیے تو آپ کون سی سرگرمی کرواکے طلبہ کو یہ ڈرامہ ازبر کرواسکتے ہیں۔ اپنے جواب کو خاکے کی شکل میں پیش کریں۔

سوال نمبر:۴۔ جماعت ششم کو سر سید احمد خان کے مضامین پڑھاتے ہوئے آپ بطور استاد کن فنی لوازمات کو بروئے کار لائیں گئے تا کہ طلبہ اس قابل ہو سکیں کہ وہ سر سید احمد خان، مولانا محمد حسین آزاد اور دیگر مضامین نگاروں میں فرق کر سکیں۔